## مشکل سوالات

۱۔ سورۃ الفاتحہ میں بندہ کن کن چیزوں کا اظہار کرتا ہے؟ سورۃ الفاتحہ

اس سورت میں بندہ اللہ ﷻ کی تعریف و شکر ادا کرتا ہے، اپنی بندگی کا اظہار کرتا ہے اور پھر اللہ ﷻ سے ہدایت کی دعا کرتا ہے۔

۲۔ حضرت آدمؑ اور حضرت حوّا علیہما السلام نے اللہ سے کیا دعا مانگی؟ حضرت آدم علیہ السلام

وہ عرض کرنے لگے "اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اگر آپ نے ہمیں معاف نہ فرمایا اور ہم پر رحم نہ فرمایا تو ہم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے"۔

۳۔ حضرت نوحؑ نے اپنے نافرمان بیٹے کو پکار کر کیا کہا؟

حضرت نوح علیہ السلام نے اپنے نافرمان بیٹے کو پکارا کہ اے میرے بیٹے! کشتی میں سوار ہو جاؤ۔

۴۔ حضرت نوحؑ نے قوم کے بار بار انکار کرنے پر اللہ کو پکار کر کیا عرض کیا؟

حضرت نوح علیہ السلام نے ان کے بار بار انکار کرنے پر اللہ ﷻ کو پکارا کہ اے اللہ! ان پر عذاب بھیج کیونکہ اب ان میں اور ان کی آنے والی نسلوں میں سے کوئی ایمان لانے والا نہیں ہے۔

۵۔ شیطان نے پانچ نیک بزرگوں کے بارے میں قومِ نوح کے لوگوں کے دل میں کیا خیال ڈالا؟

تمہارے بزرگوں نے یہ بُت ایسے ہی نہیں بنائے تھے بلکہ اللہ ﷻ نے انہیں بھی کچھ قدرت اور اختیار دیا ہے۔ اس لئے تم ان سے دعائیں مانگا کرو اور ان کی پوجا کیا کرو یہ تمہاری مشکلات دور کریں گے اور تمہارے مسائل حل کریں گے۔

۶۔ سرداروں نے قومِ عاد سے حضرت ھودؑ کے بارے میں کیا کہا؟

سرداروں نے اپنی قوم سے کہا کہ یہ تو تمہاری طرح کا ایک انسان ہے۔ جیسے تم کھاتے ہو ویسے ہی یہ بھی کھاتا ہے۔ جیسے تم پیتے ہو ویسے یہ بھی پیتا ہے۔ اس لئے یہ اللہ (ﷻ) کا رسول نہیں بلکہ ایک عام انسان ہے اور تم اِس کی بات نہ مانو۔

۷۔ قومِ عاد پر آنے والی آندھی کی کیا کیفیت تھی؟

وہ آندھی جس چیز پر چلتی اُسے ریزہ ریزہ کر دیتی۔ اُس آندھی نے اُنہیں اِس طرح اُٹھا کر پھینک دیا جیسے کھجور کے کھوکھلے تنّے ہوں۔

۸۔ حضرت لوطؑ نے اپنی قوم کو کیا سمجھایا؟

حضرت لوط علیہ السلام نے قوم کو بہت سمجھایا کہ وہ اللہ ﷻ کے ساتھ شرک نہ کریں اور بُرائیوں سے باز آجائیں۔

۹۔ حضرت لوطؑ کی قوم نے ان کو کیا دھمکی دی؟

قوم نے اُن کو دھمکی دی کہ تم بہت پاک صاف بنتے ہو۔ ہم تمہیں اپنی بستی سے نکال دیں گے۔

۱۰۔ فرشتوں نے حضرت لوطؑ کو کیا تسلی دی؟

فرشتوں نے حضرت لوط علیہ السلام کو تسلی دی کہ ہم انسان نہیں بلکہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی طرف سے بھیجے ہوئے فرشتے ہیں۔ انہوں نے کہا یہ نافرمان لوگ ہمیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے۔

۱۱۔ فرشتوں نے حضرت لوط علیہ السلام کو اللہ کی طرف سے کیا حکم پہنچایا؟

فرشتوں نے حضرت لوط علیہ السلام سے کہا کہ آپ علیہ السلام اور آپ علیہ السلام کی بیٹیاں رات میں اِس بستی سے نکل جائیں کیونکہ صبح ہوتے ہی اِن پر اللہ سبحانہ و تعالیٰ کا عذاب بھیج دیا جائے گا۔

۱۲۔ کیا تم ایسی بے حیائی کرتے ہو جو تم سے پہلے کسی نے نہیں کی۔ (یہ کس کا قول ہے) حضرت لوط علیہ السلام

لوط علیہ السلام کا

۱۳۔ یقیناً آپ کا رب نہایت غالب اور رحم کرنے والا ہے۔ (یہ کس کا قول ہے) حضرت شعیب علیہ السلام

اللہ سبحانہ و تعالیٰ کا

۱۴۔ مدین کہاں واقع ہے؟

بحیرہ احمر کے کنارے مُلک اُردن قریب واقع ہے۔

۱۵۔ حضرت شعیبؑ نے قوم کو کیا سمجھایا؟

اُنہوں نے قوم کو بہت سمجھایا کہ صرف ایک اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی عبادت کرو اور ناپ تول میں کمی نہ کرو اور لوگوں کا مال نہ لوٹو۔

۱۶۔ حضرت شعیب علیہ السلام نے قوم کی دھمکی پر کیا جواب دیا؟

حضرت شعیب علیہ السلام نے فرمایا کہ تمہیں میرے قبیلہ کا اللہ سبحانہ و تعالیٰ سے زیادہ لحاظ ہے اور تم اللہ سبحانہ و تعالیٰ کو بالکل بھلا چکے ہو۔

۱۷۔ حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی ہلاک شدہ قوم پر افسوس کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی ہلاک شدہ قوم پر افسوس کرتے ہوئے فرمایا کہ اے میری قوم! میں نے تم تک اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے اَحکامات پہنچا دیئے تھے اور اس عذاب سے پہلے ہی تمہیں خبردار کر دیا تھا۔ لیکن تم تو نصیحت کرنے والوں کو پسند ہی نہیں کرتے تھے۔

۱۸۔ عبد المطلب نے ابرہہ کے اس اعتراض کا کہ آپ نے اپنے اونٹوں کی بات کی اور خانہ کعبہ کی نہیں کی کیا جواب دیا؟ سورۃ الفیل

عبد المطّلب نے جواب دیا کہ اُونٹ میرے ہیں اس لئے میں نے تم سے اپنے اُونٹوں کی بات کی ہے خانہ کعبہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کا گھر ہے اور وہ خود ہی اپنے گھر کی حفاظت کرے گا۔

۱۹۔ یمن کا پرانا نام کیا ہے؟

صنعاء

۲۰۔ ابرہہ کا پورا نام بتایئے اور اس نے خانہ کعبہ کے مقابلہ میں کیا تعمیر کروایا؟

اَبرہہ الاَشرَم نے صَنْعَاء (یمن) میں ایک نہایت خوب صورت اور بڑا گر جاگھر بنایا۔

۲۱۔ اَبرہہ کے سپاہیوں نے مکہ کے قریب پہنچ کر کیا کیا؟

اَبرہہ کے سپاہیوں نے اہلِ مکّہ کے کئی اُونٹ اور مویشی پکڑ لئے۔

۲۲۔ اَبرہہ نے اہلِ مکّہ کے پاس پیغام کیا بھجوایا؟

اَبرہہ نے اہلِ مکّہ کے پاس پیغام بھجوایا کہ اس کا ارادہ صرف خانہ کعبہ کو ڈھانے کا ہے اور وہ اہلِ مکّہ سے جنگ نہیں کرنا چاہتا لیکن اگر انہوں نے اس کا راستہ روکنے کی کوشش کی تو وہ ان سب کو برباد کر دے گا۔

۲۳۔ عبد المطّلب کس شخصیت کے مالک تھے؟

عبد المطّلب قریش کے سب سے بڑے سردار تھے وہ اَبرہہ سے ملاقات کرنے اس کے پاس پہنچ گئے اَبرہہ انہیں دیکھ کر بہت متاثر ہوا وہ اونچے قد کے نہایت خوب صورت اور باوقار شخصیت والے تھے۔

۲۴۔ ابرہہ کے لشکر میں جس کسی کو کنکری لگتی اس کی کیا حالت ہوتی؟

جس کسی کو بھی کنکری لگتی وہ پگھل جاتا، اس کا گوشت جَھڑ جاتا اور بالآخر مر جاتا۔

۲۵۔ قریش تجارتی سفر کے لئے یمن اور شام کا کیوں انتخاب کرتے تھے؟

یہ سردی کے موسم میں یمن کی طرف جاتے تھے جو کہ ایک گرم علاقہ ہے اور گرمی کے موسم میں شام جاتے تھے جو کہ ایک ٹھنڈا علاقہ ہے۔

۲۶۔ سورۃ الکوثر کے حوالہ سے بتائیں کہ کفار نے آپ ﷺ کو کس بات کا طعنہ دیا؟

آپ ﷺ کے بیٹے کے انتقال پر کُفار نے آپ ﷺ کو بے نام و نشان ہونے کا طعنہ دیا۔

۲۷۔ سورۃ اللھب میں کیا بیان کیا گیا ہے؟

اس سورت میں نبی کریم ﷺ کے دشمنوں کا انجام بیان ہوا ہے اور انہیں دنیا و آخرت میں ناکامی کی خبر دی گئی ہے۔